**05.07.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........................ آسیہ میمونہ

**Music**

1- وزیر اعظم نریندر مودی اپنے پانچ ملکوں کے دورے کے تیسرے مرحلے میں ارجنٹینا کی راجدھانی **Buenos Aires** پہنچ گئے ہیں۔ آج شام کو کلیدی نوعیت کی باہمی شراکت داری کو مستحکم کرنے کی غرض سے وفدوں کی سطح پر بات چیت کی جائے گی۔

☆ بھارت نے بنیادی ڈھانچے اور دوا سازی سمیت کئی شعبوں میں تعاون اور اشتراک بڑھانے کی غرض سے **Trinidad and Tobago** کے ساتھ چھ سمجھوتوں پر دستخط کئے ہیں۔

☆ بھارت کے موسمیات کے محکمے نے آج مدھیہ پردیش میں بہت شدید بارش ہونے کا امکان ظاہر کیا ہے۔

☆ امریکہ کے صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے اہم پالیسی بل

**One Big Beautiful Bill** پر دستخط کرکے اسے قانونی شکل دے دی ہے تاکہ دفاعی اخراجات میں اضافہ اور ٹیکس میں کٹوتی کی جاسکے۔

☆ اور بھارت کے **K Srikanth** کینیڈا اوپن سُپر 300 بیڈمنٹن ٹورنامنٹ میں مردوں کے سنگلز کے سیمی فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM-ARGETINA VISIT**

وزیراعظم نریندر مودی **Trinidad & Tobago** کے اپنے کامیاب دورے کے بعد آج صبح ارجنٹینا کی راجدھانی بیونس آئرس پہنچ گئے ہیں۔ وہ پانچ ملکوں کے اپنے دورے کے تیسرے مرحلے میں یہاں پہنچے ہیں۔ اُن کے اِس دورے کا مقصد، عالمی خطہ جنوب کے ساتھ، بھارت کی شراکت داری میں اضافہ کرنا ہے۔ ارجنٹینا کی راجدھانی پہنچنے پر بھارتی برادری نے خصوصی کلاسیکی رقص کے ساتھ وزیراعظم کا پرجوش خیر مقدم کیا۔

وزیراعظم کا، ارجنٹینا کا یہ دورہ آج شام، جنرل **Jose de San Martin** کے مجسمے پر خراجِ عقیدت پیش کرنے کے ساتھ شروع ہوگا، جو ارجنٹینا کے قابل احترام مجاہد آزادی اور قومی ہیرو تھے۔
وزیر اعظم کو باقاعدہ استقبالیہ دیا جائے گا۔ اس کے بعد وہ دفاعی شراکت داری کو مزید مستحکم کرنے اور دونوں ملکوں کے درمیان تعاون کے نئے امکانات تلاش کرنے کیلئے وفد کی سطح کی بات چیت کریں گے۔ بات چیت کے دوران جن اہم شعبوں پر توجہ مرکوز کی جائے گی، اُن میں تجارت اور سرمایہ کاری، صحت اور دواسازی، دفاع اور سیکیورٹی، بنیادی ڈھانچے، کانکنی اور معدنیاتی وسائل، زراعت اور خوراک کی یقینی فراہمی، آلودگی سے پاک توانائی، اطلاعاتی ومواصلاتی ٹیکنالوجی، ڈیجیٹل اختراع، قدرتی آفات کا بندوبست، سائنس وٹیکنالوجی، تعلیم اور عوام سے عوام کے درمیان رابطے شامل ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی اور ارجنٹینا کے صدر **Javier Milei** کے درمیان پچھلی میٹنگ گزشتہ سال نومبر میں، برازیل کی راجدھانی **Rio de Janeiro** میں **G20** سربراہ کانفرنس سے الگ ہوئی تھی۔ ×

## PM-TRINIDAD AND TOBAGO

وزیر اعظم نریندر مودی نے کل شام پورٹ آف اسپین میں **Red House** میں **Trinidad and Tobago** کی وزیرِ اعظم کملا پرساد **Bissessar** سے بہت سے معاملات پر بات چیت کی۔ اِس گفتگو کے بعد دونوں ملکوں نے مختلف شعبوں میں تعاون و اشتراک بڑھانے کی غرض سے چھ سمجھوتوں پر دستخط کئے، جن میں بنیادی ڈھانچے اور دوا سازی کا شعبہ بھی شامل ہے۔ بات چیت کے بعد ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم مودی نے کہا کہ دونوں ملکوں نے آب و ہوا میں تبدیلی ، دفاع ، ٹیکنالوجی ، صحت کی دیکھ بھال اور زرعی تحقیق سمیت متعدد شعبوں میں تعاون و اشتراک بڑھانے سے اتفاق کیا ہے۔
جناب مودی نے **Trinidad and Tobago** کی پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے بھی خطاب کیا۔
جناب مودی نے کہا کہ ترقی پذیر ملکوں کی آواز کو بہت کم سنا جارہا ہے اور وہ خطۂ جنوب کے ساتھی ملکوں کے ساتھ مل کر انہیں عالمی منظر نامے پر ، اُن کا جائز مقام دلوائیں گے۔ x

## PM-BRICKS SUMMIT

وزیر اعظم نریندر مودی اس ماہ کی 6 اور 7 تاریخ کو برازیل کے **Rio de Janeiro** میں برِکس سربراہ کانفرنس میں شرکت کریں گے۔ اس کے بعد وہ **Brasillia** کا باہمی دورے کریں گے۔ تقریباً 6 دہائیوں میں کسی بھارتی وزیر اعظم کا برازیل کا یہ پہلا دورہ ہوگا۔ اپنے دورے کے دوران جناب مودی سربراہ کانفرنس کے موقع پر برازیل کے صدر **Luiz Inacio Lula da Silva** کے ساتھ تبادلۂ خیال کریں گے اور ساتھ ہی ساتھ دیگر کئی عالمی لیڈروں کے ساتھ بھی بات چیت کریں گے۔ ×

**AMIT SHAH GUJRAT**

داخلی امور اور تعاون کے محکمے کے وزیر امت شاہ نے گجرات میں آنند کے مقام پر **Tribhuvan Sahakari Vishwavidyalaya** کا سنگِ بنیاد رکھا ہے، جو امدادِ باہمی سے متعلق ملک کی پہلی یونیورسٹی ہوگی۔ پروگرام میں اظہارِ خیال کرتے ہوئے، جناب شاہ نے کہا کہ تعاون کی وزارت نے گذشتہ چار سال کے دوران **60** نئی اسکیموں کا آغاز کیا ہے۔ تعاون کی وزارت نے کروڑوں دیہی عوام اور غریبوں کی زندگی میں امید کی کرن جگائی ہے۔

**SB - 1400 - Amit Shah Co-Operative Min**

**IMD-WEATHER**

بھارت کے موسمیات کے محکمے نے اگلے سات دن کے دوران ملک کے شمال مغربی ، شمال مشرقی ، مغربی ، مشرقی ، وسطی اور جنوبی جزیرہ نما میں شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات کے محکمے نے آج مدھیہ پردیش میں بہت تیز بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔ اگلے تین دن کیلئے وسطی ، شمالی اور مشرقی بھارت کیلئے تیز سے بہت تیز بارش ہونے کا اورینج اور **Yellow** الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ **x**

**HP-WEATHER**

موسمیات کے محکمے نے ہماچل پردیش میں اگلے پانچ دن کے دوران تیز سے بہت تیز بارش ہونے کا امکان ظاہر کیا ہے۔ پچھلے مہینے کی **20** تاریخ سے ہماچل پردیش میں موسمِ برسات کا سلسلہ جاری ہے اور ریاست میں کئی جگہوں پر معلوم کی زندگی بری طرح متاثر ہوئی ہے۔

اِس عرصے میں بادل پھٹنے ، اچانک سیلاب آنے اور مٹی کے تودے گرنے کے بہت سے واقعات پیش آئے ہیں، جن سے وسیع پیمانے پر مالی اور جانی نقصان ہوا ہے۔ ریاست کے ہنگامی حالات سے نمٹنے والے مرکز کے مطابق زمینی تودے گرنے سے **261** سڑکیں بند پڑی ہیں، **300** بجلی کے ٹرانسفارمر اور پینے کے پانی سے متعلق **200** اسکیمیں متاثر ہوئی ہیں۔ منڈی ، کانگڑا ، کلّو اور شملہ سب سے زیادہ متاثر ہوئے ہیں۔ **x**

**PM-UP EX-GRAIA**

وزیراعظم نریندر مودی نے اترپردیش کے سنبھل میں سڑک حادثے کے مہلوکین کے تئیں تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعظم نے مہلوکین کے قریبی رشتے دار کیلئے وزیراعظم قومی راحتی فنڈ سے دو-دو لاکھ روپے، جبکہ زخمیوں کیلئے **50-50** ہزار روپے کی مالی مدد دینے کا اعلان کیا ہے۔ میڈیا کی خبروں کے مطابق سنبھل ضلع میں میرٹھ-بدائیوں شاہراہ پر یہ سڑک حادثہ، اُس وقت

پیش آیا جب کل شادی کی تقریب سے 10 افراد کو لے جارہی ایک کار کالج کی دیوار سے جا ٹکرائی۔ اس حادثے میں دولہاسمیت کم سے کم 5 لوگوں کی موت ہوگئی۔×

**SIKKIM KAILASH MANSAROVAR**

کیلاش مانسرووَر یاترا کا چوتھا جتھہ آج سکم کے Sherathang پہنچ گیا ہے۔ یہ جتھہ دلی سے اس مہینے کی دو تاریخ کو روانہ ہوا تھا اور اسی دن Bagdogra پہنچ گیا تھا۔ جتھہ 40 یاتری دو Liaison افسران، ITBP کا ایک افسر اور مدد کرنے والے چار اہلکاروں پر مشتمل ہے۔×

**BAHUDA YATRA PURI**

اُڈیشہ کے پوری میں Bahuda Yatra کیلئے تیاریاں زور و شور سے جاری ہیں۔ Bahuda Yatra کو رِٹرن کار فیسٹیول سے بھی جانا جاتا ہے، جو آج ہوگی۔ بھگوان جگنّاتھ، بڑے بھائی بال بھدر اور اُن کی بہن دیوی سُبھدرا کے تین بڑے رتھ Gundicha مندر کے سامنے کھڑے ہیں، جو شری جگنّاتھ مندر کے لیے اپنی واپسی کے سفر کے لیے تیار ہیں۔×

**NIA-US TRAFFICKING**

قومی جانچ ایجنسی NIA نے بھارت سے امریکہ اور دیگر ملکوں کو غیر قانونی انسانی اسمگلنگ میں ملوث دو افراد کو گرفتار کیا ہے۔ ملزمان کو ہماچل پردیش اور دلّی میں دو مقامات پر تلاشی کے بعد گرفتار کیا گیا۔ NIA نے ایک بیان میں کہا ہے کہ ایک ملزم نے غیر قانونی طریقے سے لوگوں کو سرحد پار کرانے میں کلیدی رول ادا کیا، جبکہ دوسرا ملزم سرحد پار کرانے والے افراد کو رقوم منتقل کرنے میں ملوث تھا۔ NIA نے مزید کہا کہ یہ دونوں ملزم، کلیدی ملزم گگن دیپ سنگھ کے قریبی ساتھ ہیں، جسے اس سال مارچ میں گرفتار کیا گیا تھا۔×

**US-BIG BEAUTIFUL LAW**

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے 'One Big Beautiful بل' کے نام سے مشہور ایک اہم اور تاریخ ساز پالیسی بل پر دستخط کر کے اسے قانونی شکل دے دی ہے۔ یہ بل صدر ٹرمپ کے ایجنڈے کے اہم حصوں کو نافذ کرتا ہے، جس میں ٹیکسوں میں کمی، دفاع کیلئے اخراجات میں اضافہ اور ایمیگریشن کی روک تھام کرنا شامل ہیں۔ انہوں نے کل واشنگٹن DC میں یوم آزادی کی تقریبات کے موقع پر وہائٹ ہاؤس میں اس بل پر دستخط کئے۔

اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے جناب ٹرمپ نے کہا کہ یہ سب سے بڑی ٹیکس کٹوتی، اخراجات میں سب سے بڑی

کٹوتی نیز امریکہ کی تاریخ کی سب سے بڑی سرحدی حفاظتی سرمایہ کاری سے متعلق بل ہے۔

**S/B Trump on Big Beautiful Law**

## US-TEXAS FLOOD

امریکی ریاست ٹیکساس میں شدید سیلاب سے کم سے کم 24 افراد کی جانیں تلف ہوگئیں اور درجنوں افراد لاپتہ بتائے جاتے ہیں۔ ٹیکساس کے گورنر Greg Abbott نے ہنگامی حالات کا اعلان کردیا ہے اور کہا ہے کہ بچاؤ اور تلاش کی کارروائی رات بھر جاری رہے گی۔ Kerr County میں Camp Mystic کی 20 لڑکیوں کا ابھی تک پتہ نہیں چلا ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ ضروری نہیں ہے کہ یہ ہلاک ہوگئی ہوں۔ بچاؤ کارروئیاں لگاتار جاری ہیں۔ 200 سے زیادہ افراد کو بچایا جاچکا ہے۔ اِن میں سے 167 کو ہیلی کاپٹروں نے بچایا ہے۔ اسی دوران امریکہ کے صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے اس بھیانک سیلاب کے پیش نظر وفاقی مدد کا وعدہ کیا ہے اور ٹیکساس میں یومِ آزادی کی تقریبات منسوخ کردی گئی ہیں۔ x

## PAK-MICROSOFT SHUTDOWN

ٹیکنالوجی کی بڑی عالمی کمپنی مائیکرو سافٹ نے عالمی سطح پر ازسر نو تشکیل دینے کے اپنے منصوبے کے حصے کے طور پر 25 سال بعد پاکستان میں اپنے کام کاج کو باضابطہ طور پر بند کردیا ہے۔ مائیکروسافٹ پاکستان کے سابق سربراہ جواد رحمان نے کمپنی کے کام کاج کے بند ہونے کی تصدیق کی ہے اور اِس فیصلے کو پاکستان کے چیلنج سے بھرپور اقتصادی حالات، سیاسی عدم استحکام، زیادہ ٹیکس، کرنسی اور تجارتی پابندیوں کے ساتھ جوڑا ہے۔ پاکستان کے سابق صدر ڈاکٹر عارف علوی نے پاکستان کی معیشت کیلئے اسے پریشان کُن قدم قرار دیا ہے۔x

## BADMINTON CANADA OPEN

بھارت کے K Srikanth کینیڈا اوپن سُپر 300 بیڈمنٹن ٹورنامنٹ میں مردوں کے سنگلز کے سیمی فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ انہوں نے صرف 43 منٹ میں دنیا کے چھٹے نمبر کے کھلاڑی چینی تائپے کے Chou Tien Chen کو 21-18 ، 21-19 سے ہرایا۔ آج رات فائنل میں اُن کا مقابلہ جاپان کے Kenta Nishimoto سے ہوگا۔ میچ بھارتی وقت کے مطابق رات 9 بجکر 10 منٹ پر شروع ہونے کی امید ہے۔

خواتین کے سنگلز میں بھارت کی Shriyanshi Valishetty ، ڈنمارک کی Amalie Schulz کے ساتھ ایک سخت مقابلے میں ہار گئیں، جبکہ پہلا میچ انہوں نے جیت لیا تھا۔ x

**CRICKET IND-ENG TEST**

Edgbaston میں جاری دوسرے کرکٹ ٹیسٹ میچ کے چوتھے دن بھارت، کل کے اپنے اسکور ایک وکٹ پر 64 رن سے آگے کھیلنا شروع کرے گا۔ مہمان ٹیم کو دوسرے ٹیسٹ میچ میں میزبان انگلینڈ کے خلاف دوسری اننگز میں مجموعی طور پر 244 رن کی سبقت حاصل ہے۔ میچ سہ پہر ساڑھے تین بجے شروع ہوگا۔

Anderson-Tendulkar Trophy کے دوسرے ٹیسٹ کے تیسرے دن کے-ایل راہل اور Karun Nair کل کا کھیل ختم ہونے تک کریز پر موجود تھے۔ انگلینڈ کو فی الحال 5 میچوں کی سیریز میں ایک صفر کی سبقت حاصل ہے۔ اُس نے Leeds میں پہلے ٹیسٹ میں 5 وکٹ سے جیت حاصل کی تھی۔ ×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆